حکومتِ پنجاب، محکمہ زراعت

آسامیاں خالی ہیں

محکمہ زراعت کے شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے تحت عالمی بنک کے تعاون سے جاری منصوبہ Punjab Irrigated-Agriculture Productivity Improvement Project (PIPIP)" میں درج ذیل عارضی آسامیوں پرتقرری کے لئے مطلوبہ تعلیمی معیار و پیشہ ورانہ قابلیت کے حامل امیدواران سے مورخہ **25-01-2018** تک درخواستیں مطلوب ہیں۔ آسامیوں کے لحاظ سے مطلوبہ عمر کی حد اور تعلیمی قابلیت درج ذیل ہے۔

نام آسامی	بنیادی پے سکیل	تعداد آسامی	تعلیمی قابلیت	عمر کی حد
سپروائزر	11	270	میٹرک بمعہ زرعی انجینئرنگ، مکینیکل انجینئرنگ، آٹو اینڈ فارم مشینری یا سول انجینئرنگ میں پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن سے تین سالہ ڈپلومہ کا حامل ہو۔	20 تا 26
ڈرائیور	4	7	پڑھا لکھا ہو، LTV لائسنس یافتہ اور پانچ سالہ ڈرائیونگ کا تجربہ رکھتا ہو۔	26 تا 35
نائب قاصد	1	6	پڑھا لکھا ہو۔	18 تا 25
چوکیدار	1	2	صحت مند ہو۔	21 تا 35
خاکروب	1	2	صحت مند ہو۔	18 تا 25

(1) یہ بھرتی حکومت پنجاب کی کنٹریکٹ پالیسی 2004 کے مطابق تین سالوں یا منصوبہ کی تکمیل تک کیلئے ہوگی۔ (2) عمر کی بالائی حد میں گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے تحت زیادہ سے زیادہ 5 سال تک کی رعایت دی جائے گی۔ (3) کنٹریکٹ ایک ماہ کی تنخواہ کی ادائیگی یا ایک ماہ کے نوٹس پر کوئی وجہ بتائے بغیر منسوخ کیا جا سکے گا۔ اسی طرح ملازمت چھوڑنے کی صورت میں ایک ماہ کی تنخواہ یا ایک ماہ کا پیشگی تحریری نوٹس دینا لازمی ہوگا۔ (4) کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی ہونے والے ملازمین پنشن، پراویڈنٹ فنڈ اور جی پی فنڈ کے حقدار نہ ہونگے اور نہ ہی ان کی تنخواہ میں سے اس مد میں کسی قسم کی کٹوتی کی جائے گی۔ (5) کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے ملازمین اس یا کسی اور آسامی کیلئے مستقل ملازمت کا کسی قسم کا استحقاق نہیں رکھیں گے۔ مزید برآں اس تقرری کی وجہ سے وہ سنیارٹی کے حقدار بھی نہ ہونگے۔ (6) مروجہ قانون کے مطابق ملازمین کے بچوں، معذور افراد اور اقلیتی کوٹہ پر بھرتیاں کی جائیں گی۔ اور ان کوٹہ جات کے امیدواران درخواست پر واضح طور پر لکھیں۔ (7) خواہشمند افراد کی طرف سے سادہ کاغذ پر تحریر کردہ درخواستیں ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) 21۔ ڈیوس روڈ، لاہور میں مقررہ تاریخ تک دفتری اوقات کے دوران پہنچ جانی چاہئیں۔ (8) درخواستوں کے ساتھ ڈگریاں، سرٹیفکیٹ، کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی کسی گزیٹڈ آفیسر سے تصدیق شدہ کاپیاں اور دو عدد تازہ مصدقہ تصاویر لف ہوں۔ (9) ٹیسٹ/انٹرویو کے لئے بعد میں علیحدہ اطلاع دی جائے گی۔ ٹیسٹ/انٹرویو کیلئے آنیوالے امیدواروں کو کوئی ٹی اے/ڈی اے نہیں دیا جائے گا اور انہیں انٹرویو والے دن اصل کاغذات پیش کرنا ہونگے۔ (10) امیدواران کا انتخاب حکومت پنجاب کی بھرتی پالیسی جو کہ 17-09-2004 کو جاری ہوئی کے مطابق کیا جائے گا۔ (11) امیدواران کا ڈومیسائل پنجاب کا ہونا ضروری ہے۔ درخواستیں صرف بذریعہ ڈاک وصول کی جائیں گی۔ (12) آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ (13) زیادہ درخواستوں کی وصولی کی صورت میں شارٹ لسٹ کئے گئے امیدواران کو انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا۔

المشتہر

ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) 21۔ ڈیوس روڈ، لاہور